12-08-2025 TUESDAY URDU NEWS BULLETEN 17.50 HRS

سرخیاں

......ریاستی حکومت نے ہائیبر یڈ انیوٹی ماڈل (HAM) میں تبدیلی کی ہے۔ ایچ اے ایم ماڈل کے موافقت کا اعلان آج حیدرآباد میں میں ایچ آئی سی سی میں منعقدہ۔ ایچ اے ایم۔ روڈ شو۔ میں کیا گیا ہے۔

......لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے ہائی کورٹ کے جج جسٹس یشونت ورما کے خلاف لگائے گئے الزامات کی تحقیقات کے لیے ایک تین رکن کمیٹی تشکیل دی ہے۔

......وزیر آبپاشی اتم کمار ریڈی نے آج ریاستی محکمہ آبپاشی کے سنٹرل ڈیزائن آرگنائزیشن (CDO) کو مضبوط بنانے اور اس کی جدید کاری پر زور دیا۔

......حیدرآباد میٹرولوجیکل سنٹر نے خبردار کیا ہے کہ اگلے 24 گھنٹوں میں ریاست کے کئی اضلاع میں بھاری سے بہت زیادہ بھاری بارش ہونے کا امکان ہے۔

HAM ROADS

ریاست میں بڑے پیمانے پر سڑکوں کی ترقی اور سڑک کی تعمیر کے لئے ریاستی حکومت نے ہائیبر یڈ انیوٹی ماڈل (HAM) میں تبدیلی کی ہے۔ ایچ اے ایم ماڈل کے موافقت کا اعلان آج حیدرآباد میں میں ایچ آئی سی سی میں منعقدہ۔ ایچ اے ایم۔ روڈ شو۔ میں کیا گیا ہے۔ ڈپٹی چیف منسٹر بھٹی وکرمارکا نے سڑکوں اور عمارتوں کے ریاستی وزیر کومٹی ریڈی وینکٹ ریڈی اور پنچایت راج وزیر انوسویا ستیا کا اور کئی ایک ٹھیکہ داروں۔ بینکرس۔ اور سینئر عہدیداروں کی موجودگی میں ایچ اےایم ماڈل کے ویژن دستاویز کا اجراء کیا۔ ایچ اے ایم۔ ماڈل کے تحت ریاستی حکومت سڑکوں کی ترقی کے لئے چالیس فیصد فنڈس فراہم کرے گی۔ جب کہ باقی رقم ٹھیکہ دار برداشت کریں گے اور پندرہ سال تک سڑکوں کی دیکھ بھال کے ذمہ دار ہوں گے۔ ابتدائی طور پر ایچ اے ایم کے تحت 13730 ۔کلومیٹر سڑکوں کو آر اینڈ بی پنچایت راج محکموں میں 17 پیا کیجوں کے تحت ترقی دی جائے گی۔ نائب وزیر اعلی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ریاستی حکومت بڑے پیمانے پر سڑکوں کی ترقی کے لئے پابند عہد ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹھیکہ داروں کو تلنگانہ کی ترقی میں شراکت دار ہونا چاہیے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایچ اے ایم کے تحت چھوٹے ٹھیکہ داروں کو بھی مواقع فراہم کئے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پچھلی بی آر ایس حکومت ۔ٹھیکہ داروں کے 45 ہزار کروڑ روپئے سے زائد واجبات ادا کرنے باقی تھے۔

Sound byte

اس سے قبل آر اینڈ بی وزیر نے کہا کہ ریاست سڑکوں کے ترقی کے لئے نئے تجربات کر رہی ہے۔ پنچایت راج وزیر انسویا سیتا کا نے بھی کہا کہ ریاست کے دور دراز دیہاتوں تک بھی حکومت نئی سڑکیں بچھائے گی۔

## COLLECTORS CONFERENCE

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے آج ریاست بھر میں بارشوں سے ہونے والے نقصانات کو روکنے کے لیے ضلعی حکام کو تمام احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی ہدایت دی۔ ریاست کے کچھ حصوں میں مسلسل بارش کے پیش نظر، وزیر اعلیٰ نے آج شام ضلع حکام کے ساتھ صورتحال کا جائزہ لیا۔ کلکٹرس، ایس پیز، ریونیو سمیت مختلف محکموں کے اعلیٰ افسران نے میٹنگ میں شرکت کی۔

## SC CBI

ریاستی وزیر آئی ٹی اور صنعتی ڈی سریدھر بابو نے سپریم کورٹ کی جانب سے گٹو من راو کے قتل کیس کی تحقیقات سنٹر بیورو آف انوسٹیگیشن کو سونپے جانے کی ہدایت کا خیر مقدم کیا ہے۔ حیدرآباد میں جاری ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ اس حکم سے عدالتی نظام پر عوام کا اعتماد مضبوط ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ انصاف اس وقت ملے گا جب حقیقی مجرموں کو سزا دی جائے گی۔ انہوں نے پچھلی بی آر ایس حکومت پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ بی آر ایس حکومت نے مکمل بے حسی کا مظاہرہ کیا ہے۔ جب ایڈوکٹ ومن راو اور ان کی اہلیہ منتھنی کا دن دھاڑے بے دردی سے قتل کر دیا گیا تھا۔ انہوں نے الزام لگایا کہ غیر جانبدارانہ انکوائری کے بجائے اصل مجرموں کو بچانے کی کوشش کی گئی۔ سابقہ ریاستی حکومت پر الزام لگاتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مظلوموں کو انصاف فراہم کرنے کے بجائے خاطیوں کا تحفظ کیا گیا۔

## BJP ARREST

بی جے پی کے ریاستی صدر این رام چندر راؤ نے آج صبح پارٹی کے کئی لیڈروں کی گھر پر نظر بندی کی مذمت کی ہے۔ رام چندر راؤ نے میڈیا کو بتایا کہ کچھ تنظیموں کی جانب سے حیدرآباد کے بنجارہ ہلز میں واقع پداماں مندر سے متعلق خصوصی پروگراموں کے لیے بلائے جانے کے بعد پولیس نے انہیں گھر میں نظر بند کر دیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ حیرت کی بات ہے کہ انہیں گرفتار کیا گیا اور ان کی پارٹی کے پروگراموں کو بھی روک دیا گیا۔ حالانکہ ان پروگراموں سے ان کا کوئی تعلق نہیں تھا۔ انہوں نے اسے ریاستی حکومت کی نامناسب پالیسیوں کا ثبوت قرار دیتے ہوئے تنقید کی۔ انہوں نے الزام لگایا کہ جوبلی ہلز ضمنی انتخاب میں رائے دہندوں کے ایک طبقہ کے جذبات کو دوسرے طبقہ کی طرف سے ٹھیس پہنچائی جا رہی ہے۔

## BJP BALRAJ

بی آر ایس کے سابق ایم ایل اے جی بلراج جو آج بی جے پی میں شامل ہوئے نے بی جے پی کے ریاستی صدر کی نظر بندی کی مذمت کی۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہر سیاسی جماعت کی عوام کے تئیں اور ان کے مسائل حل کرنے کی ذمہ داری ہوگی۔ انہوں نے سیاسی رہنماؤں کے ساتھ پولیس کے رویے پر تنقید کی۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ بی آر ایس اور کانگریس دونوں نے طاقت کا غلط استعمال کیا ہے۔

## YASWANT VARMA

لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے ہائی کورٹ کے جج جسٹس یشونت ورما کی رہائش گاہ نئی دہلی میں اس سال مارچ میں ان جلی ہوئی رقم ملنے کے

بعد کے خلاف لگائے گئے الزامات کی تحقیقات کے لیے ایک تین رکن کمیٹی تشکیل دی ہے۔ جب لوک سبھا پہلی التوا کے بعد دو پہر 12 بجے شروع ہوئی تو اسپیکر نے کہا کہ تین رکنی پینل سپریم کورٹ کے جج جسٹس اروند کمار، مدراس ہائی کورٹ کے چیف جسٹس جسٹس منندر موہن شریواستو اور کرناٹک ہائی کورٹ کے سینئر وکیل بی وی آچاریہ پر مشتمل ہوگا۔ اسپیکر نے کہا کہ کمیٹی جلد از جلد اپنی رپورٹ پیش کرے گی۔ اسپیکر نے ایوان کو مطلع کیا انہوں نے جسٹس یشونت ورما کی برطرفی کے لیے حکمراں اور اپوزیشن بنچوں کے 146 اراکین پارلیمنٹ کے دستخط شدہ نوٹس کو قبول کرلیا ہے۔ نوٹس کو تسلیم کرتے ہوئے اسپیکر نے کہا کہ اس سلسلے میں تحریک انکوائری کمیٹی کی رپورٹ کی وصولی تک زیر التوا رہے گی۔

Sound byte Ombirla

INTERNATIONAL YOUTH DAY

تلنگانہ بھر میں آج نوجوانوں کا عالمی دن منایا گیا۔ اس موقع پر محکمہ امور نوجوانان اور دیگر ایجنسیوں کے تعاون سے کئی پروگرام منعقد کیے گئے ہیں۔ اس موقع پر نوجوانوں میں منتخب کردہ شعبوں میں صلاحیتوں اور مہارت کو بڑھانے پر روشنی ڈالی گئی۔ دریں اثنا، نیتی آیوگ نے 'میگا ٹ۔ٹنکرنگ۔ڈے' کی میزبانی کی۔ جس میں تمام ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں 10 ہزار سے زیادہ اٹل ٹنکرنگ لیابس (ATLs) کے طلباء کو اکٹھا کیا گیا۔ ملک بھر کے اسکولوں میں عملی طور پر اور بیک وقت منعقد ہونے والے اس پروگرام میں 9 ہزار سے زیادہ اٹل ٹنکرنگ لیابس سے لیس اسکولوں کے 4.5 لاکھ سے زیادہ طلباء نے شرکت کی۔ نیتی آیوگ نے ایک بیان میں کہا کہ اس تقریب کے دوران، طلباء اپنی لیابس میں دستیاب روزمرہ کے مواد کا استعمال کرتے ہوئے، ایک DIY ویکیوم کلینز کو ڈیزائن اور بنانے کے لیے ایک ہینڈز آن پروجیکٹ میں مصروف ہیں۔

UTTAM

وزیر آبپاشی اتم کمار ریڈی نے آج ریاستی محکمہ آبپاشی کے سنٹرل ڈیزائن آرگنائزیشن (CDO) کو مضبوط بنانے اور اس کی جدید کاری پر زور دیا۔ جس میں اعلیٰ انجینئرنگ عہدوں کی فوری ضرورت اور پروجیکٹ ڈیزائن کی ٹائم لائنز پر عمل کرنے کے لیے جدید ٹیکنالوجی حاصل کرنے کا مطالبہ کیا گیا۔ انہوں نے حیدرآباد میں ایک جائزہ اجلاس منعقد کیا۔ ایک سرکاری ریلیز میں کہا گیا ہے کہ وزیر نے سی ڈی او کو مضبوط کرنے کی فوری ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ سی ڈی او کو نیشنل ڈیم سیفٹی اتھارٹی اور جوڈیشل کمیشن کے منفی تبصروں کی وجہ سے نقصان اٹھانا پڑا۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت ادارے کی ساکھ کو ختم کرنے کی اجازت نہیں دے سکتی۔

INDUSTRY

نائب وزیر اعلیٰ مالو بھٹی وکرمارکا نے آج ہدایت دی کہ متعلقہ حکام حیدرآباد بیرونی رنگ روڈ کے باہر آلودگی پھیلانے والی صنعتوں کو منتقل کرنے کے عمل کو تیز کریں۔ انہوں نے حیدرآباد میں ریونیو ریسورسز موبلائزیشن سے متعلق ذیلی کمیٹی کا اجلاس منعقد کیا۔

## POLICE

حیدرآباد پولیس نے غیر قانونی سروگیسی اور بچوں کی اسمگلنگ کے ریاکٹ کے سلسلے میں سرشٹی فرٹیلٹی سنٹرس کی مالک اے نمرتا اور کئی دیگر ساتھیوں کے خلاف مزید آٹھ مجرمانہ مقدمات درج کیے ہیں۔ابتدائی ایف آئی آر پچھلے مہینے کے آخری ہفتے کے دوران ایک جوڑے کو فرضی سروگیسی دعووں سے دھوکہ دینے پر درج کی گئی تھی۔ پولیس نے بتایا کہ اس سلسلے میں کل گرفتاریوں کی تعداد 25 ہوگئی ہے۔مزید تحقیقات جاری ہیں۔

## HAR GHAR TIRANGA

ریاست کے مختلف اضلاع میں منڈل ہیڈکوارٹر اور کئی مقامات پر ہر گھر ترنگا مہم چلائی گئی۔بی جے پی کی ریاستی یونٹ نے گزشتہ پانچ سالوں سے جاری قومی مہم کے مطابق اس ماہ کی 15 تاریخ تک رہائش گاہوں اور دیگر اداروں پر قومی پرچم لہرانے کا پروگرام شروع کیا ہے۔ جوگولمبا گدوال ضلع میں راجولی منڈل میں ہر گھر ترنگا ریلی کا انعقاد کیا گیا ہے۔ایٹونگرم میں ضلع پریشد ہائی اسکول سے بس اسٹینڈ تک ہر گھر ترنگا ریلی نکالی گئی ہے۔ایک انسانی زنجیر بھی منعقد کی گئی جس میں بھارتی فوج کی خدمات اور آپریشن سندور کی کامیابی کو اجاگر کیا گیا۔

## WEATHER

حیدرآباد میٹرولوجیکل سنٹر نے خبردار کیا ہے کہ اگلے 24 گھنٹوں میں ریاست کے کئی اضلاع میں بھاری سے بہت زیادہ بھاری بارش ہونے کا امکان ہے۔حکام نے عادل آباد، یادادری بھونگیری، محبوب نگر، ہنمکنڈہ، جنگاوں اور ورنگل اضلاع کے لیے اورنج الرٹ جاری کیا ہے۔ کمرم بھیم آصف آباد، منچریال، پداپلی، کریم نگر، ملوگو، جے شنکر بھوپال پلی، نلگنڈہ، سوریاپیٹ، کھمم، بھدرادری کوتہ گوڑم اضلاع کے لیے ایلو الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ دریں اثناء کئی اضلاع میں گزشتہ دو روز سے جاری بارشوں کے باعث ندی نالوں اور نہریں بہہ رہی ہیں۔ مشترکہ ورنگل اضلاع کے کئی دیہاتوں کے درمیان گاڑیوں کی آمدورفت ٹھپ ہوگئی ہے۔

## COURSES

بھدرادری کوتہ گوڑم کلکٹر جے وی پٹیل نے آج متعلقہ حکام کو ہدایت دی کہ اس تعلیمی سال سے ڈاکٹر منموہن سنگھ ارتھ سائنسز یونیورسٹی میں انڈر گریجویٹ اور پوسٹ گریجویٹ کورسز کے آغاز کے تناظر میں طلباء کو بنیادی سہولیات فراہم کرنے کے لیے اقدامات کئے جائیں۔ انہوں نے طلباء کی سہولت کے لیے کئے گئے سیول ورکس کا جائزہ لیا۔انہوں نے تعلیمی ترقی کے لیے سازگار ماحول فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ طلبہ کی صحت اور سلامتی کے تحفظ کی ضرورت پر بھی زور دیا۔

## PODU

منچریل ضلع کلکٹر کمار دیپک نے آج کہا کہ اگر کوئی پوڈو زراعت کے نام پر قانون کی خلاف ورزی کرتا ہے تو اس کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔قبائلی برادریوں کے لوگوں کے لیے ایک کونسلنگ سیشن کا انعقاد کیا گیا ہے۔ضلع کلکٹر نے کونسلنگ سائٹ کا دورہ کیا اور لوگوں کو بتایا کہ درخت کاٹنا جرم ہے۔